www.alahazratnetwork.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا (النساء)

جس نے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی اطاعت کی تو بیشک اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم مانا اور جس نے منہ پھیرا تو ہم نے بھی آپ کو ان کا نگہبان (ذمہ دار) بنا کر نہیں بھیجا

سُنَنِ ابُوداؤد شریف

(مُترجَم)

جلد سوم

تصنیف

امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی قدس سرہٗ

۲۰۲ھ ـــــــ ۲۷۵ھ

۸۱۷ء ـــــــ ۸۸۹ء

ترجمہ و فوائد

مولانا عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری مدظلہٗ

(مترجم صحیح بخاری، سنن ابن ماجہ، موطا امام مالک)

تقسیم کار

فرید بُک سٹال ○ ۳۸ اردو بازار۔ لاہور ۲ پاکستان

www.alahazratnetwork.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : سنن ابوداؤد (سوئم)

تصنیف : امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ : مولینا عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری قدس سرہ العزیز

اہتمام وتزئین : سید اعجاز احمد (بانی ادارہ)

مطبع : رومی پبلیکیشنز اینڈ پرنٹرز، لاہور

اشاعت اوّل : ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء

اشاعت دوئم : ذوالقعدہ ۱۴۲۲ھ/فروری ۲۰۰۲ء

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899
ای میل نمبر Email:info@faridbookstall.com
ویب سائٹ Visit us at : www.faridbookstall.com

www.alahazratnetwork.org

پارہ ــــــ ٣٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

بَابٌ فِي الْقَدَرِ — تقدیر کا بیان

١٢٦٦ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ حَدَّثَنِي بِمِنًى عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَدَرِيَّةُ مَجُوسُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ وَإِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ۔

عبدالعزیز بن ابو حازم کے والد ماجد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قدریہ اس امت کے مجوس ہیں اگر بیمار پڑیں تو ان کی عیادت نہ کرنا اور اگر مر جائیں تو ان کے جنازے میں شامل نہ ہونا۔

....

١٢٦٧ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُمَرَ مَوْلٰى غُفْرَةَ عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ أُمَّةٍ مَجُوسٌ وَمَجُوسُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا قَدَرَ مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ فَلَا تَشْهَدُوا جَنَازَتَهُ وَمَنْ مَرِضَ مِنْهُمْ فَلَا تَعُودُوهُمْ وَهُمْ شِيعَةُ الدَّجَّالِ وَحَقٌّ عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُلْحِقَهُمْ بِالدَّجَّالِ۔

انصار کے ایک شخص نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر امت میں مجوس ہوتے ہیں اور اس امت کے مجوسی وہ لوگ ہوں گے جو یہ کہیں گے کہ تقدیر کوئی چیز نہیں۔ ان میں سے کوئی مر جائے تو اس کے جنازے میں شریک نہ ہونا اور جو ان میں سے بیمار پڑے اس کی عیادت نہ کرنا۔ وہ دجال کے ساتھی ہیں اور اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے کہ انہیں دجال کے ساتھ ملا دے۔

ف: ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منکرین تقدیر کو اس امت کے مجوسی شمار کیا ہے اور انہیں دجال کا گروہ بتایا ہے نیز انہیں دجال کا ساتھی بتانے سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ ہر فرقہ ساز بہت بڑا دھوکے باز یعنی دجال ہے۔ اور وہ لوگ بھی تو اپنے فرقہ بنانے والے کے ہمنوا، عقیدت مند اور ساتھی تھے۔ جیسے آج بھی ہر جدید فرقے والوں کو اپنے امام فرقوں سے عقیدت ہے اور کہتے ہیں کہ اسلام کو اگر صحیح معنوں میں کسی نے سمجھا تو بس وہ ہمارے ہی فلاں مقتدا نے سمجھا ہے۔ اسی طرح سابقہ فرقوں والے کہتے ہوں گے۔ لہٰذا انہیں دجال کے ساتھی کہا گیا۔ ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوا کہ امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فرقہ والے بدعتی، گمراہ اور طریقۂ رسول کے خلاف ہیں، اسی لیے تو انہوں نے بعض فرقوں کا کتاب السنہ میں ذکر کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

١٢٦٨ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ زُرَيْعٍ وَيَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَاهُمْ قَالَا أَنَا عَوْفٌ ثَنَا قَسَامَةُ بْنُ زُهَيْرٍ ثَنَا أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ

قسامہ بن زہیر نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ نے ساری زمین کی ایک مشت خاک سے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا۔ پس اولاد آدم اسی مٹی کے مطابق سفید، سرخ اور